14030-زیرناف بال مونڈنے اورناخن تراشنے کا روزے کے ساتھ کوئی تعلق نہیں

سوال

کیا یہ صحیح ہے کہ روزہ دار ناخن نہیں کاٹ سکتا یا اسے زیر ناف بال صاف نہیں کرنے چاہییں ؟

پسندیدہ جواب

یہ کوئی ایسے اعمال نہیں جو روزے دار کے لیے ہی واجب نہیں، اور نہ ہی ان اعمال میں شامل ہیں جو روزے کے منافی ہوں، بلکہ روزے دار تو کھانے پینے، اور جماع، سے رکے گا کیونکہ یہ کام روزے کو فاسد کر دیتے ہیں، اور اسی طرح ہر قسم کے گناہ اور برے کاموں اور چغلی وغیبت سے باز رہے گا کیونکہ یہ سب کام روزے میں نقص پیدا کرتے ہیں۔

لیکن ناخن کاٹنا اور زیر ناف بال صاف کرنا تو ایک فطرتی کام ہے جس کے لیے شارع نے وقت مقرر کیا ہے کہ یہ چالیس دن سے زیادہ نہیں رکھے جاسکتے، اور ان کا روزے کے صحیح ہونے کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔

واللہ اعلم.